مسلم لیگ جموں کشمیر اور تحریک حریت پر پابندی برقرار

یواے پی اے ٹربیونل نے حکومت کے فیصلے پر مہر لگائی۔ بینک اکاؤنٹ اور مالیاتی لین دین منجمد



نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) مرکزی حکومت نے گزشتہ سال مسلم لیگ جموں کشمیر (مسرت عالم گروپ) اور تحریک حریت پر پابندی عائد کردی تھی۔ اب یواے پی اے ٹربیونل نے اسے منظوری دے دی ہے۔ پابندی کے ساتھ ہی ان کے بینک اکاؤنٹس اور مالیاتی لین دین بھی منجمد کر دیے گئے۔ اس سے قبل جنوری میں مرکزی حکومت نے مسلم لیگ جموں و کشمیر کی تمام جائیدادیں منجمد کرنے کی ہدایت دی تھی، اس سال جنوری میں دہلی ہائی کورٹ کے جج سچن دتہ کی سربراہی میں یک رکنی ٹربیونل پابندی کے اسباب کا جائزہ لینے کیلئے تشکیل دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ مسلم لیگ جموں کشمیر (مسرت عالم گروپ) کو جموں وکشمیر میں ملک دشمن اور علیحدگی پسند سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے 27 دسمبر 2023 کو مرکزی حکومت نے یواے پی اے کے تحت 5 سال کیلئے غیر قانونی قرار دیا تھا۔ جموں وکشمیر کے علیحدگی پسند رہنما سید علی شاہ گیلانی نے 2004 میں تحریک حریت بنائی۔ گیلانی کے بعد تحریک حریت کے چیئرمین محمد اشرف صحرائی تھے، جو 2021 میں انتقال کر گئے۔ یہ تنظیم حریت کانفرنس کی ایک ایسوسی ایٹ تنظیم ہے۔ حریت کانفرنس جموں وکشمیر کی 26 تنظیموں کا ایک گروپ ہے، جس کی تشکیل 1993 میں ہوئی تھی۔ حریت کانفرنس میں کئی تنظیمیں شامل ہیں، جنہیں پاکستان نواز اور علیحدگی پسند سمجھا جاتا ہے۔ ان میں جماعت اسلامی، جے کے ایل ایف اور دختران ملت وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ سال 2005 میں حریت کانفرنس 2 تقسیم ہوگئی۔ میر واعظ عمر فاروق کو اس کے اعتدال پسند گروپ کی قیادت مل گئی۔ اس شدت پسند گروپ کی قیادت سید علی شاہ گیلانی کر رہے تھے۔ گیلانی کی موت کے بعد حریت کانفرنس کی قیادت مسرت عالم بھٹ کے پاس آئی۔ بھٹ اس وقت جیل میں ہیں اور ان کی پارٹی 'مسلم لیگ آف جموں و کشمیر کو 27 دسمبر کو ممنوعہ تنظیم قرار دے دیا گیا تھا۔

انجینئر رشید کو حلف لینے کیلئے ضمانت نہیں ملی

نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) دہلی کی ایک عدالت نے جموں و کشمیر کی بارہمولہ سیٹ سے منتخب لوک سبھا ممبر پارلیمنٹ انجینئر رشید کی عبوری ضمانت کی عرضی کو ملتوی کر دیا۔ عدالت اس معاملے میں اگلی سماعت یکم جولائی کو کریگی۔ واضح رہے کہ انجینئر رشید کو 2016 کے جموں و کشمیر دہشت گردانہ فنڈنگ معاملہ میں گرفتار کیا گیا ہے اور وہ اس وقت جیل میں ہیں۔ انہوں نے جیل سے ہی لوک سبھا الیکشن لڑا اور جیت گئے۔ انہوں نے رکن پارلیمنٹ کے طور پر حلف لینے کیلئے عبوری ضمانت کی درخواست دائر کی۔ سماعت کے دوران این آئی اے کی جانب سے جواب داخل کرنے کیلئے مزید وقت مانگے جانے کے بعد معاملہ کی سماعت ملتوی کر دی گئی۔ آزاد امیدوار کے طور پر الیکشن لڑنے والے انجینئر رشید نے سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو تقریباً 2 لاکھ 4 ہزار ووٹوں سے شکست دی۔

ٹیکس دہندگان کیلئے خوشخبری، جی ایس ٹی کی شرحیں کم کئے جانے کی امید

پونے (مہاراشٹرا)، 22/جون۔ (ایجنسیز) صنعت اور خدمات کے شعبے سے وابستہ کاروباری افراد نے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے ذریعہ پیش کئے جانیوالے 2024-25 کے مکمل بجٹ میں ٹیکس میں راحت اور گڈز اینڈ سروس ٹیکس (جی ایس ٹی) کی شرحوں میں کمی کی امید ظاہر کی ہے۔ یہاں مارواڑی چیمبر آف کامرس، انڈسٹریز اینڈ ایجوکیشن (اے ایم سی سی آئی ای) کے قومی صدر راجیش اگروال نے ہفتہ کو یہاں کہا کہ آنے والے بجٹ کے پیش نظر صنعت کاروں نے اپنے مطالبات حکومت کے سامنے رکھنا شروع کر دیئے ہیں۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی صدارت میں جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ ہفتہ کو دہلی میں ہورہی ہے، جہاں جی ایس ٹی کو آسان بنانے اور کئی شعبوں میں شرحوں کو کم کرنے پر بات چیت ممکن ہے۔ اگروال نے کہا کہ جی ایس ٹی کونسل کی آخری میٹنگ اکتوبر 2023 میں ہوئی تھی۔ لوک سبھا انتخابات کے بعد نئی حکومت میں جی ایس ٹی کی یہ پہلی میٹنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے پیش نظر آئندہ مکمل بجٹ میں انکم ٹیکس کی سب سے نچلی سطح میں آنے والے لوگوں کو راحت دینے پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کا عمل بھی جاری رہنا چاہیے۔ مرکز میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی زیرقیادت نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) حکومت نے انتخابات سے قبل فروری 2024 میں اپنے موجودہ اخراجات کے لئے فنڈ کے لیے صرف ووٹ آن اکاؤنٹ پیش کیا تھا۔ اس سے قبل یہ خیال تھا کہ نئی حکومت کو انتخابات کے بعد اپنا مکمل بجٹ پیش کرنے کا موقع دینے کی روایت کو برقرار رکھا جائے۔ نئی حکومت کا پہلا عام بجٹ جولائی میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ مسٹر اگروال نے کہا کہ ہمارا مطالبہ 43بی (ایچ) ایکٹ پر نظر ثانی کرنے کا ہے، جو اس سال سے مائیکرو، میڈیم اور اسمال انٹرپرائزز (ایم ایس ایم ای) کے رجسٹرڈ تاجروں پر عائد کیا گیا ہے۔ اس میں تاجروں کو خریدے گئے سامان کی ادائیگی 45 دن کے اندر کرنی ہوگی تاہم تاجر ادائیگی کے لیے 90 دن کا وقت مانگ رہے ہیں۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ اس سے کاروبار متاثر ہوتا ہے۔ مسٹر اگروال نے کہا، خوردہ تاجروں کے لیے سستی شرح سود آسان ہونی چاہیے تاکہ ملٹی نیشنل کمپنیاں ایک دوسرے سے مقابلہ کرسکیں۔ اے ایم سی سی آئی ای کے نائب صدر نریندر گوئل اور مہاراشٹر کے صدر منیش توارا والا نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیمنٹ، اسٹیل اور گاڑیوں پر جی ایس ٹی کو موجودہ 28 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد کیا جائے۔

راجستھان قبائلی مشاورتی کونسل میں پندرہ اراکین اسمبلی کو ممبر نامزد کیا گیا

جے پور، 22جون۔ (یواین آئی) وزیر اعلی بھجن لال شرما نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت ریاست کے درج فہرست قبائل کی سماجی اور اقتصادی ترقی کے لیے پابند عہد ہے اور اس سلسلے میں راجستھان قبائلی مشاورتی کونسل میں درج فہرست قبائل کے 14 ایم ایل اے کو ممبران کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ مسٹر بھجن لال شرما نے کہا کہ مشاورتی کونسل درج فہرست قبائل کی ہمہ جہت ترقی میں اہم رول ادا کرے گی۔ یہ کونسل قبائلی علاقائی ترقی کے محکمہ کے ذریعے نافذ کی جانے والی اسکیموں کا جائزہ لے سکے گی اور نئی اسکیموں کے لیے مشورہ دے گی۔ وزیر اعلیٰ نے راجستھان قبائلی مشاورتی کونسل میں ایم ایل اے مہندر پال مینا، ہنس راج مینا، راجندر مینا، رام بلاس، سمارام، پرتاپ لال بھیل، پھول سنگھ مینا، امرت لال مینا، مہیش مینا، شنکر لال ڈیچا، چندمینا و دیگر کو نامزد کیا ہے۔

15 منٹ سے زائد تاخیر پر نصف یوم کی تنخواہ کٹے گی

نصف یوم رخصت اتفاقیہ کیلئے درخواست لازمی۔ دفتری اوقات صبح 9 تا 5:30 بجے شام ہوں گے

نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) سرکاری دفاتر میں لیٹ لطیفی کوئی نئی بات نہیں ہے، لیکن مرکزی حکومت نے دیر سے دفتر پہنچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے۔ مرکزی حکومت نے ملازمین کیلئے نئی ہدایات جاری کی ہیں اور انہیں وقت پر دفتر پہنچنے کی ہدایت دی ہے۔ اس کے ساتھ ہی دفتر پہنچنے میں 15 منٹ سے زیادہ تاخیر پر تنخواہ کاٹنے کے سخت احکامات دیے گئے ہیں۔ مرکزی حکومت کے ڈپارٹمنٹ آف پرسنل اینڈ ٹریننگ نے سرکاری دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین کو سخت وارننگ دی ہے۔ اس کے مطابق ملک بھر میں مرکزی حکومت کے تحت کام کرنے والے لوگوں کو صرف 15 منٹ کی تاخیر سے آنے کی اجازت ہے۔ واضح رہے کہ مرکز کے ملازمین کے دفتری اوقات صبح 9 بجے سے شام 5:30 بجے تک ہیں۔ ایسے میں تمام ملازمین کو 9:15 تک دفتر پہنچنے کی اجازت ہے، لیکن اگر کوئی ملازم صبح 9:15 بجے سے زیادہ دیر سے آتا ہے تو اس کی آدھی دن کی تنخواہ کاٹ لی جائے گی۔ ڈی او پی ٹی کا حکم سینئر افسران سے لے کر تمام چھوٹے اور بڑے ملازمین پر نافذ ہوگا۔ کورونا کے دور سے کئی سرکاری دفاتر میں بائیو میٹرکس کا استعمال رک گیا ہے۔ ایسے میں مرکزی حکومت نے حاضری ریکارڈ کرنے کیلئے بائیو میٹرک سسٹم کا استعمال کرنے کو کہا ہے۔ ڈی او پی ٹی نے اپنے حکم میں کہا کہ اگر ملازمین صبح 9:15 بجے تک دفتر نہیں پہنچتے ہیں تو اس کی نصف یوم رخصت اتفاقیہ تصور کی جائے گی، حالانکہ اگر کوئی ملازم کسی خاص دن دفتر میں وقت پر نہیں پہنچ پاتا ہے، تو اسے اپنے اعلیٰ افسر کو پیشگی اطلاع دینی ہوگی، نیز ملازمین کو نصف یوم رخصت اتفاقیہ کیلئے درخواست دینا ہوگی۔ ڈی او پی ٹی نے افسران کو سخت ہدایات دی ہیں کہ وہ اپنے سیکشنز میں ملازمین کو وقت کا پابند بنائیں اور ان کی حاضری پر بھی نظر رکھیں۔ خاص طور پر جونیئر سطح کے ملازمین اکثر دفتر میں دیر سے پہنچتے ہیں اور جلدی چلے جاتے ہیں۔ ملازمین کی اس لاپروائی کو روکنے کیلئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ بہت سے سینئر عہدیداروں نے مرکز سے شکایت کی ہے کہ ان کے پاس دفتر کا کوئی مقررہ وقت نہیں ہے۔ 2014 میں، بی جے پی نے مرکزی حکومت کے تحت دفاتر کا وقت طے کرنے کی کوشش کی تھی لیکن ملازمین کے احتجاج کے بعد حکومت کو اپنا فیصلہ روکنا پڑا۔

حجاج کرام کی وطن واپسی کا آغاز، 378 حاجی دہلی پہنچ گئے

نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) سعودی عرب کے مقدس شہر مکہ میں دنیا بھر کے لاکھوں مسلمانوں نے حج 2024 مکمل کیا اور فریضہ حج ادا کرنے کے بعد حاجیوں کی وطن واپسی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، جس کے تحت آج 378 حاجی سعودی ایئرلائنز کی پہلی پرواز سے دہلی پہنچے۔ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں نے آج شام 5 بجے دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سعودی ایئرلائن کی پرواز سے اترنے والے حاجیوں کا پھولوں کے ہار پہنا کر استقبال کیا۔ انہوں نے تمام حاجیوں کو وطن واپسی پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر اشفاق احمد عارفی، ڈپٹی ایگزیکٹیو آفیسر محسن علی اور دیگر افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ اس سال دنیا بھر سے تقریباً 19 لاکھ افراد نے فریضہ حج ادا کیا ہے۔ ہندوستان سے سفر حج پر جانے والوں کی تعداد 1,39,964 ہے۔ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کے زیر انتظام دہلی امبارکیشن پوائنٹ سے سفر حج پر جانے والوں کی تعداد 16,443 ہے۔ ان میں دہلی سے 3065 حاجی، مغربی اتر پردیش سے 9567، ہریانہ سے 1345، اتراکھنڈ سے 1038، پنجاب سے 251 اور چنڈی گڑھ سے 36 عازمین شامل ہیں۔ وہیں جن حاجیوں نے اپنی پسند کے مطابق دہلی ایمبارکیشن پوائنٹ کا انتخاب کیا، ان میں سے 393 بہار سے، 498 جموں وکشمیر سے، 3 گوا سے اور 3 مدھیہ پردیش سے ہیں۔

مرکز نے بفر اسٹاک کیلئے 71 ہزار ٹن پیاز خریدی

دال اور تیل کے بیج میں خود انحصاری اور تکنیکی ترقی کو اپنانا انتہائی ضروری: چوہان

نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) حکومت نے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے 5 لاکھ ٹن پیاز کی خریداری کے کل ہدف میں سے اس سال بفر اسٹاک کیلئے اب تک تقریباً 71,000 ٹن پیاز خریدی ہے۔ حکومت کو امید ہے کہ ملک کے بیشتر حصوں میں مانسون کی پیش رفت کے ساتھ ہی خوردہ قیمتیں کم ہو جائیں گی۔ صارفین کے امور کے محکمے کے جمع کردہ اعداد وشمار کے مطابق، جمعہ کو پیاز کی کل ہند اوسط خوردہ قیمت 38.67 روپے فی کلو تھی، جبکہ اعلیٰ معیار کی پیاز کی قیمت 40 روپے فی کلوگرام رہی۔ محکمہ نے بتایا کہ 20 جون تک مرکز نے 70,987 ٹن پیاز خریدی ہے جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں 74,071 ٹن پیاز خریدی گئی تھی۔ اس سال ربیع کی پیداوار میں تقریباً 20 فیصد کی کمی کے باوجود، قیمتوں میں استحکام بفر کیلئے پیاز کی خریداری کی رفتار بڑی حد تک پچھلے سال کی سطح پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قیمتوں میں استحکام کیلئے 5 لاکھ ٹن کی خریداری کا ہدف حاصل کرنے کی جانب بڑھ رہی ہے۔ اہلکار نے کہا کہ حکومت پیاز کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کیلئے پیاز کو بفر میں رکھنے یا بازار میں جاری کرنے کے آپشن کا استعمال کریگی۔ خریداری کی قیمت ایک متغیر قیمت ہے، جو موجودہ مارکیٹ کی قیمتوں سے منسلک ہے۔ اہلکار نے کہا کہ پیاز کی قیمتوں میں اضافہ بڑے پیداواری علاقوں میں کم بارش کی وجہ سے ہوا ہے، جس کی وجہ سے 2023-24 میں خریف، دیر خریف اور ربیع میں پیداوار ہوگی۔ 20 فیصد کمی کی وجہ سے گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً کم ہے۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے حکومت نے گزشتہ سال اگست سے 40 فیصد کی ایکسپورٹ ڈیوٹی متعارف کرانے سمیت متعدد احتیاطی اقدامات کیے ہیں۔ اکتوبر 2023 میں کم از کم برآمدی قیمت (ایم ای پی) 800 امریکی ڈالر فی ٹن مقرر کی گئی تھی۔ 8 دسمبر 2023 سے برآمدات پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ جبکہ زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ملک کو دالوں اور تیل کے بیجوں میں خود کفیل بنانے پر زور دیتے ہوئے ہفتہ کو کہا کہ بدلتے ہوئے منظر نامے کے پیش نظر کسانوں کی آمدنی بڑھانے کیلئے تکنیکی ترقی کو اپنانا بہت ضروری ہے۔ زرعی پالیسی اور تحقیق کو چھوٹے اور پسماندہ کسانوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لانا ہوں گی۔ ہمارے تقریباً 86 فیصد کسان چھوٹے چھوٹے کسان ہیں۔ کاشتکاری کا ماڈل ایسا بنانا ہوگا کہ کسان ایک ہیکٹر تک کاشت کر کے بھی اپنی روزی روٹی اچھی طرح کما سکیں۔ آیئے ہم مل کر ایک ایسا روڈ میپ بنائیں، جس پر عمل کرتے ہوئے نہ صرف ہندوستانی زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود حاصل کی جاسکتی ہے، بلکہ ہم ہندوستان کو دنیا کی "فوڈ باسکٹ " بھی بنا سکتے ہیں اور دنیا کو خوردنی اشیا برآمد کر سکتے ہیں۔ ہندوستان کو دالوں اور تیل کے بیجوں میں خود کفیل بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا" ہمارے کسانوں کی آمدنی بڑھانے اور بدلتے ہوئے منظرنامے کو پورا کرنے کے لیے تکنیکی ترقی کو اپنانا انتہائی ضروری ہے۔

بریلی میں دن دہاڑے 2 گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ

بریلی،22/جون۔ (ایجنسیز) اترپردیش کے بریلی شہر میں قیمتی زمین پر قبضے کو لے کر ہفتہ کی صبح فلمی اسٹائل میں کھلے عام فائرنگ ہونے سے علاقے میں دہشت کا ماحول ہے۔ واقعہ پیلی بھیت-بائی پاس روڈ واقع بجرنگ ڈھابے کے نزدیک پیش آیا۔ بتاتے ہیں کہ بلڈر راجیو رانا کے گروپ والوں نے ایک پلاٹ پر قبضے کو لے کر صبح۔ صبح جم کر ہنگامہ مچایا۔ ڈھابے کے نزدیک ہائی وے پر جم کو گولیاں چلائیں۔ دونوں فریقن نے ایک دوسرے پر بندوق اور پستول سے فائرنگ کرتے رہے۔ اس گینگوار کے کئی ویڈیو سامنے آئے ہیں۔ جس میں دونوں طرف سے گولہ باری ہوتے دیکھی جارہی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ اس گولہ باری میں چھت پر ٹہل رہے ایک شخص کو گولی لگی ہے۔ جس سے وہ زخمی ہوگیا۔ واقعہ کی جانکاری ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی۔ اس سے پہلے ہی دونوں فریقین کے افراد موقع واردات سے فرار ہوگئے۔

اتر پردیش میں 16 آئی پی ایس افسران کے تبادلے

لکھنؤ،22/جون۔ (ایجنسیز) اترپردیش حکومت نے 16 آئی پی ایس افسران کا تبادلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی راجدھانی لکھنؤ اور الہ آباد (پریاگ راج) کے پولیس کمشنروں کی بھی تبدیلی کر دی گئی ہے۔ حکومت نے افسران کے تبادلوں کی فہرست جاری کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریندر سینگر کو لکھنؤ کا نیا پولیس کمشنر بنایا گیا ہے۔ الہ آباد کے پولیس کمشنر رمیت شرما کو اے ڈی جی زون بریلی مقرر کیا گیا ہے۔ پی سی مینا کو اے ڈی جی پولیس ہاؤسنگ کارپوریشن مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایس بی شرڈ کر کی اے ڈی جی زون لکھنؤ کے طور پر تقرری کی گئی ہے۔ مرکزی ڈیپوٹیشن سے واپس آنے والے بی کے سنگھ اے ڈی جی سائبر کرائم تعینات کیے گئے ہیں۔ وہیں، پرکاش ڈی کو اے ڈی جی ریلوے مقرر کیا گیا ہے۔

دہشت گردی کیلئے مالی تعاون کے مجرم چھوٹا شکیل کے بہنوئی عارف بھائی جان کی اسپتال میں موت، رشتہ داروں نے مشکوک قرار دیا

ممبئی،22/جون۔ (ایجنسیز) دہشت گردی کے لئے مالی تعاون دینے کے الزام کے تحت گرفتار مافیا ڈان چھوٹا شکیل کے بہنوئی عارف شیخ عرف بھائی جان کی ممبئی کے جے جے اسپتال میں موت واقع ہوگئ جبکہ ان کے رشتہ داروں نے موت کو مشکوک قرار دیا اور کہا کہ جب عارف بھائی جان کو جیل سے اسپتال لایا گیا تھا تب وہ انکی حالت مستحکم تھی اور وہ چلتے پھرتے تھے ممبئی کے مسلم اکثریتی علاقے ناگپاڑہ کے ٹیمکر محلے میں زندگی کے ایام گزارے عارف شیخ گرفتاری سے قبل میرا روڈ نامی علاقے میں رہائش پزیر تھے انکے وکیل محمد بہار الدین شیخ نے بتلایا کہ کل بروز جمعہ سانس میں تکلیف لینے کی وجہ سے آرتھر روڈ جیل جہاں وہ مقید تھے وہاں سے انھیں جے جے اسپتال میں بغرض علاج انھیں بھرتی کرایا گیا تھا جسکے دوران ان کی موت واقع ہوگئ انتقال کی خبر سن کر انکے رشتہ داروں اور دیگر کی ایک بڑی تعداد جے جے اسپتال کے مردہ خانے کے باہر دکھلائ دی جہاں آج دوپہر ان کی لاش کا پوسٹ مارٹم کرنے کے بعد اسے رشتہ داروں کے حوالے کیا گیا اسپتال میں موجود انکے رشتہ داروں نے موت کو مشکوک قرار دیا اور کہا کہ بھرتی کے فوری بعد انھیں آئ سی یو منتقل کیا گیا تھا اس دوران ان کی بیٹیاں جو اسپتال میں موجود تھی انھیں بھی ملزم کی صحت کی کوئ اطلاع نہیں دی گئ۔

بیوی کے قاتل شوہر کو سزائے عمر قید

اگرتلہ،22/جون۔ (ایجنسیز) تریپورہ میں کھوائی کے مشرقی رام چندر گھاٹ کے ایک 48 سالہ شخص کو 23 سال قبل اپنی بیوی کے قتل کے الزام میں ہفتہ کو ضلع اور سیشن عدالت نے عمر قید کی سزا سنائی۔ اس کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے 2013 میں ملزم کی ضمانت منظور کر لی تھی، لیکن وہ آسام بھاگ گیا اور کریم گنج میں دوسری شادی کر لی۔ گوپال نے اپنی جائے پیدائش سے اپنا پتہ یا دیگر دستاویزات تبدیل نہیں کئے۔ رام چندر گھاٹ حلقہ کی ووٹر لسٹ میں گوپال کا نام بطور ووٹر رہا اور اس پر پولیس کی نگرانی رہی اسے 26 اپریل کو اس وقت گرفتار کرلیا گیا جب وہ مشرقی تریپورہ حلقہ کے تحت مشرقی رام چندر گھاٹ چوموہانی بازار میں لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنا ووٹ ڈال رہا تھا۔

ملک بھر میں پبلک ایگزامینیشن ایکٹ 2024 نافذ

جوابی پرچہ میں چھیڑ چھاڑ پر کم از کم تین سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

نئی دہلی، 22/جون۔ (ایجنسیز) پیپر لیک پر ہونے والے ہنگامے کے درمیان ملک میں پبلک ایگزامینیشن (پریوینشن آف غیر مناسب طریقہ سے متعلق) ایکٹ (مرکزی بھرتی اور مرکزی تعلیمی اداروں میں داخلے کے امتحانات کے لیے اینٹی پیپر لیک قانون) 2024 جمعہ کی رات سے نافذ العمل ہوگیا۔ مرکزی حکومت نے اس سلسلے میں دیر رات ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ اس قانون کے تحت پرچہ لیک ہونے یا جوابی پرچہ میں چھیڑ چھاڑ کرنے پر کم از کم تین سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا انتظام ہے۔ عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کی مرکزی وزارت کے ذریعہ جاری کردہ گزٹ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے "عوامی امتحانات (غیر مناسب ذرائع کی روک تھام) ایکٹ، 1) 2024 کا 2024) کے سیکشن 1 کی ذیلی دفعہ (2) کے ذریعے عطا کردہ اختیارات "صوابدید کا استعمال کرتے ہوئے مرکزی حکومت 21 جون 2024 کو مذکورہ ایکٹ کی دفعات کے نافذ ہونے کی تاریخ مقرر کرتی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ مسابقتی امتحانات میں بے قاعدگیوں کو روکنے کے لیے مرکزی حکومت نے 5 فروری کو لوک سبھا میں پبلک ایگزامینیشنز (غیر مناسب طریقوں کی روک تھام) ایکٹ۔ 2024 پیش کیا تھا اور یہ بل 6 فروری کو لوک سبھا میں منظور کیا گیا تھا۔ اس کے بعد اسے راجیہ سبھا میں پیش کیا گیا، جہاں اسے 09 فروری کو پاس کیا گیا۔ دونوں ایوانوں سے منظور ہونے کے بعد اس بل کو منظوری کے لیے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے پاس بھیجا گیا اور انہوں نے اسے 13 فروری کو منظوری دے دی۔ اب مرکزی حکومت نے ایک نوٹیفکیشن جاری کر کے اس قانون کو جمعہ کی نصف شب سے پورے ملک میں نافذ کر دیا ہے۔ اس قانون کے تحت پیپر لیک کرنے یا غیر مناسب طریقے استعمال کرنے پر کم از کم تین سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کا التزام ہے۔ اس کے ساتھ ہی امتحان کے انعقاد کے لیے مقرر کردہ سروس پرووائیڈر کو قصوروار پائے جانے پر ایک کروڑ روپے تک کا جرمانہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

بی جے پی قانون بنا کر گمراہ کر رہی ہے: پٹواری

بھوپال، 22جون (یواین آئی) مدھیہ پردیش کانگریس کے صدر جیتو پٹواری نے پیپر لیک سے متعلق مرکزی حکومت کے قانون پر آج کہا کہ جہاں پیپر لیک ہوتا ہے، وہاں بھارتیہ جنتا پارٹی کا نام سامنے آتا ہے اور پارٹی قانون بنا کر ملک کو گمراہ کرنا چاہتی ہے۔ پیپر لیک کیخلاف چاہے جتنے بھی قانون بنائیں، جہاں پیپر لیک ہوتا ہے، وہاں بی جے پی کا کالج سامنے آتا ہے، اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کے کارکن، وہاں سے نکالے ہوئے وائس چانسلر اور پروفیسر سامنے آتے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جن اداروں میں پیپر لیک جیسے واقعات ہوتے ہیں وہاں بی جے پی اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ سے متاثر ان کے کارکن اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ یہیں سے پیپر لیک ہوتا ہے۔ اسی سلسلے میں انہوں نے بی جے پی کے حوالے سے کہا کہ اپنے لوگوں کو آپ (بی جے پی) سزا نہیں دے سکتے ہیں، آپ کی نیت میں کھوٹ ہے اور قانون بنا کر ملک کو صرف گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔

نڈا نے یوپی بی جے پی صدر سے کارکردگی رپورٹ طلب کرلی

نئی دہلی،22/جون۔ (ایجنسیز) لوک سبھا انتخابات کے نتائج پر بی جے پی میں غور وفکر جاری ہے۔ اتر پردیش میں بی جے پی کو 80 میں سے صرف 33 سیٹیں ملیں، جبکہ اپوزیشن پارٹی ایس پی کو 37 سیٹیں ملیں۔ انتخابی مہم کے دوران بی جے پی نے 400 کو پار کرنے کا نعرہ دیا تھا اور یوپی میں تمام 80 سیٹیں جیتنے کا دعویٰ کیا تھا، لیکن نتائج میں بی جے پی کو بڑا دھچکا لگا ہے۔ ایودھیا میں بھی بی جے پی کو شکست ہوئی۔ ریاست میں بی جے پی کی اس کارکردگی کو لے کر قومی صدر جے پی نڈا اور یوپی ریاستی بی جے پی صدر بھوپیندر چودھری کے درمیان میٹنگ ہوئی۔ اس میٹنگ میں بھوپیندر چودھری نے خراب کارکردگی کی اخلاقی ذمہ داری قبول کی۔ بی جے پی کے قومی صدر اور یوپی اکائی کے صدر کے درمیان دہلی بی جے پی ہیڈکوارٹر میں تقریباً 30 منٹ تک ملاقات ہوئی۔ ذرائع سے موصولہ اطلاع کے مطابق بھوپیندر چودھری نے یوپی میں خراب کارکردگی کی اخلاقی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی صدر ہونے کے ناطے وہ نتائج کی ذمہ داری سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔

مہاراشٹرا میں او بی سی کارکنوں کی 10 روزہ بھوک ہڑتال ختم

جالنہ (مہاراشٹرا)، 22/جون۔ (ایجنسیز) جہدکار لکشمن ہکے اور نوناتھ واگھمارے نے ہفتہ کے دن حکومت مہاراشٹرا کے وفد سے ملاقات کے بعد اپنی بھوک ہڑتال ختم کردی۔ وہ او بی سی کوٹہ جوں کا توں رکھنے کے مطالبہ پر بھوک ہڑتال کر رہے تھے۔ دونوں نے مراٹھا جہد کار منوج جرنگے کا توڑ کرنے 13 جون کو غیر معینہ مدتی بھوک ہڑتال شروع کی تھی۔ منوج جرنگے کا مطالبہ ہے کہ مرہٹوں کو دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) زمرہ میں کوٹہ ملنا چاہیئے۔ ہکے نے وسطی مہاراشٹرا کے ضلع جالنہ کے موضع واڑی گودری میں سرکاری وفد سے ملاقات کے بعد میڈیا سے کہا کہ ہم عارضی طور پر اپنا احتجاج ختم کر رہے ہیں۔ اگر ہمارا مطالبہ پورا نہ ہوا تو ہم پھر احتجاج شروع کر دیں گے۔ 12 رکنی وفد میں وزراء چھگن بھوجبل، اتل ساوے، گریش مہاجن، دھننجے منڈے اودے سامنت اور رکن قانون ساز کونسل گوپی چند پڈلکر شامل تھے۔ بھوجبل نے جو خود بھی ممتاز او بی سی قائد ہیں میڈیا سے کہا کہ ہکے اور واگھمارے کو کوٹہ مسئلہ پر 29 جون کو حکومت کی طلب کردہ کل جماعتی میٹنگ میں مدعو کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر ایکناتھ شنڈے کی طرف سے جمعہ کو ممبئی میں طلب کردہ اجلاس میں او بی سی کوٹہ کو ہاتھ نہیں لگایا جائے گا اور بعض مرہٹوں کو جو فیک کمبی سرٹیفکیٹ جاری ہوئے ہیں ان پر کاروائی کی جائے گی۔ جرنگے اور ان کے ساتھی مطالبہ کر رہے ہیں کہ مرہٹوں کو کمبی سرٹیفکیٹ دیا جائے۔ او بی سی قائدین اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔ بھوجبل نے مرہٹہ برادری سے کہا کہ وہ سرکاری نوکریوں اور تعلیم میں علٰحدہ ریزرویشن مانگیں، او بی سی موقف کا دعویٰ نہ کریں۔ سینئر این سی پی قائد نے کہا کہ ہمارا حصہ نہ لیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ریزرویشن کا مقصد سماجی پسماندگی دور کرنا ہے، غربت کا خاتمہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ او بی سی برادریوں کو چاہیئے کہ وہ متحد رہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہم ناانصافی برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بعض افراد نے حلقہ لوک سبھا بیڑ میں بی جے پی امیدوار اور او بی سی قائد پنکجا منڈے کو ہرانے کی سازش کی۔ بھوجبل نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کرائی جائے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ڈپٹی چیف منسٹر دیویندر پھڑنویس نے اس کی تائید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ ذات پات پر مبنی مردم شماری کرائی جائے اور ریاستی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں ہماری آبادی کے مطابق جو کہ 54 فیصد ریزرویشن دیا جائے۔ سینئر قائد نے کہا کہ جرنگے پاٹل کو پتہ ہی نہیں ہے کہ وہ کیا بول رہے ہیں۔

مرکزی وزیر تعلیم فوری استعفیٰ دیں: سنجے راؤت

ممبئی،22/جون۔ (ایجنسیز) شیوسینا (یوبی ٹی) کے ایم پی سنجے راؤت نے این ای ای ٹی کے معاملے پر وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کو نشانہ بنایا ہے۔ راؤت نے کہا کہ یہ دھرمیندر پردھان کی بڑی ناکامی ہے، انہیں فوراً استعفیٰ دے دینا چاہئے۔ پیپر لیک مخالف قانون کے نفاذ پر سنجے راؤت نے کہا کہ اس سے پہلے بھی انسداد دہشت گردی، انسداد بدعنوانی قانون لائے گئے تھے، لیکن اس سے کام نہیں چل رہا ہے۔ بدعنوانی بڑھ رہی ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، پیپرز لیک ہورہے ہیں۔ سب کچھ ہورہا ہے۔ حکومت قانون بناتی ہے اور اس قانون کی دھجیاں بھی اپنے ہی لوگ اڑاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپر لیک ہونے کے بعد دھرمیندر پردھان کی اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دیں۔

انتخابات میں شکست کے بعد سرکار زیادتی پر آمادہ: اکھلیش

لکھنؤ،22/جون۔ (ایجنسیز) ایس پی صدر اکھلیش یادو نے کہا کہ انتخابی شکست کے بعد اتر پردیش کے قنوج، فیروز آباد اور علی گڑھ میں جس طرح انتظامی ناکامی کی وجہ سے قتل اور فسادات ہوئے ہیں، وہ قابل مذمت ہے۔ اکھلیش نے 'ایکس' پر لکھا کہ عوام سمجھتے ہیں کہ بی جے پی حکومت اس طرح کی زیادتی پر کیوں آمادہ ہے؟ دہلی اور لکھنؤ کی لڑائی میں اتر پردیش کے لوگ کیوں پسے؟ شکست سے جنم لینے والا یہ انتقام سماجی غصے کو ہی جنم دیگا۔ بی جے پی ایودھیا میں شکست کا بدلہ ان باباؤں اور سنتوں سے نہیں لے، جنہیں واقعی سیکورٹی کی ضرورت ہے، انہیں سیکورٹی دے۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ بی جے پی حکومت کے تمام دعوے جھوٹے اور کاغذی ہیں۔ اس حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ریاست کے عوام موسم کی سختی جھیلنے پر مجبور ہیں۔ شدید گرمی اور گرمی سے سیکڑوں افراد کی موت ہوئی۔

ہماچل پردیش میں 22 دواؤں کے نمونے فیل

شملہ،22/جون۔ (ایجنسیز) ہماچل پردیش میں بنائی گئی 22 دواؤں کے نمونے فیل ہوگئے ہیں۔ ہماچل سمیت ملک میں تیار ہونے والی 52 دوائیں معیار پر پوری نہیں اتریں۔ پاونٹا صاحب کی دوا ساز کمپنی جین لیبارٹری کے تین نمونے اور جھاڑ ماجری کے ڈیکسن فارما کے دو نمونے ایک ساتھ فیل ہوگئے۔ ڈرگ کنٹرولر منیش کوپر نے کہا کہ ناکام ہونے والی دوا ساز صنعتوں کو نوٹس جاری کیے جائیں گے اور بازار سے اسٹاک واپس منگوایا جائیگا۔ یہ نمونے مئی کے 'ڈرگ الرٹ' میں ناکام ہوئے ہیں۔ ہماچل میں ادویات کے نمونے لینے کا تناسب دیگر ریاستوں کے مقابلے 90 فیصد زیادہ ہے۔ سنٹرل ڈرگ کنٹرول آرگنائزیشن نے مئی میں ملک بھر میں دوائی کے نمونے لیے۔ اس میں ملک میں 52 دوائیں معیار کے مطابق نہیں پائی گئیں۔ سرمور سے پانچ، اونا سے ایک اور سولن ضلع میں 16 نمونے ناکام رہے ہیں۔ اس میں گلے کے انفیکشن، ہائی بلڈ پریشر، کینسر، درد، بیکٹیریل انفیکشن، السر، کھانسی، الرجی، وائرس انفیکشن، خارش اور بخار کی دوائی کے نمونے درست نہیں پائے گئے۔

پولیس نے سائبر نائیجیرین مجرمین کو بھیجا جیل

فرخ آباد،22/جون۔ (ایجنسیز) اترپردیش کے ضلع فرخ آباد کی پولیس نے لاکھوں روپئے کی سائبر ٹھگی کرنے والے دہلی سے گرفتار کر کے یہاں لائے گئے، نائیجیرین ٹھگ بدمعاش کو ہفتہ کو جیل بھیج دیا۔ ایس پی وکاس کمار نے بتایا کہ فرخ آباد شہر کوتوالی محلّہ 2/98 وی سادھواڑا اسٹریٹ لوہائی روڈ باشندہ ڈاکٹر امت شکلا (ڈائرکٹر اشوک اسپتال) کی بیوی ڈاکٹر شیوانی نے، اپنے بیٹے ارون شکلا کی آنکھوں کے علاج کے لئے فیس بک کے ایک اشتہار کے ذریعہ سے ڈاکٹر الیکش جے ول لندنسے، موبائل پر دوا دستیاب کرانے کی بات چیت کی۔ انہوں نے بتایا کہ لندن کے ڈاکٹر الیکشن جے بل نے دھوکہ دھڑی کر کے دوا بھیجنے کے نام پر ڈاکٹر امت شکلا کی بیوی ڈاکٹر شیوانی سے الگ الگ موبائل نمبروں پر تین لاکھ 19 ہزار روپے منگوا لئے اور دوائیں نہیں بھیجیں۔ سائبر ٹھگی کی شکار ہوئی ڈاکٹر شیوانی کے شوہر ڈاکٹر امت شکلا کی تحریر پر فتح گڑھ تھانہ سائبر کرائم پر مقدمہ دفعہ 420 اور 66ڈی آئی ٹی ایکٹ، سائبر فراڈ درج کر کے تفتیش شروع کی تھی۔